**18.02.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................. نیتیکا تیاگی

**Music**

---

☆ انڈیا AI امپیکٹ سمٹ میں شرکت کرنے کیلئے عالمی رہنما نئی دلّی میں اکٹھا ہوئے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے بھارت منڈپم میں عالمی رہنماؤں کا استقبال کیا۔

☆ وزیر اعظم نے سمٹ کے موقع پر عالمی رہنماؤں سے دو طرفہ بات چیت کی۔ انہوں نے ذمہ دارانہ اور باصلاحیت افراد کی قیادت میں AI کو فروغ دینے، تجارت اور عوامی روابط کو مضبوط بنانے پر زور دیا۔

☆ گوگل نے زیرِ سمندر نئے کیبلز کے ذریعے بھارت اور امریکہ کو جوڑنے کے پروجیکٹ کے تحت 15 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کا اعلان کیا۔

☆ انڈیا AI اور Intel انڈیا نے 24 گھنٹے میں AI ذمہ داری کے سب سے زیادہ عہد حاصل کر کے گنیز ورلڈ ریکارڈ قائم کیا۔

☆ فرانس کے صدر ایمانوئل میخوں اور مرکزی وزیر جے پی نڈا نے نئی دلّی کے ایمس میں عالمی صحت میں AI سے متعلق بھارت-فرانس سینٹر کا افتتاح کیا۔

☆ رمضان کا مقدس مہینہ، شروع ہو رہا ہے۔

☆ اور ICC ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ورلڈ کپ میں بھارت نے احمد آباد میں نیدرلینڈز کے سامنے جیت کیلئے 194 رن کا نشانہ رکھا ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Rev. PM Bilaterals**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج نئی دلّی میں انڈیا AI امپیکٹ سمٹ کے موقع پر عالمی رہنماؤں کے ساتھ کئی دو طرفہ میٹنگیں کیں۔ حیدرآباد ہاؤس میں اسپین کے صدر Pedro Sanchez کے ساتھ میٹنگ کے دوران دونوں رہنماؤں نے بھارت۔اسپین شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے مقصد سے مختلف امور پر تبادلۂ خیال کیا۔ وزیر اعظم مودی نے یورپی یونین کے ساتھ بھارت کے مضبوط تعلقات کیلءِ اسپین کی مسلسل حمایت کی ستائش کی۔ انہوں نے کہا کہ یورپی یونین کے ساتھ

تاریخی آزاد تجارتی معاہدہ اسپین کے ساتھ اقتصادی شراکت داری پر نہایت مثبت اثر ڈالے گا اور دونوں ممالک کے عوام کے لیے نئے مواقع فراہم کرے گا۔

وزیراعظم نے فن لینڈ کے وزیر اعظم Antti Petteri Orpo کے ساتھ بھی بات چیت کی اور پائیداری، ڈیجیٹلائزیشن، مصنوعی ذہانت میں تحقیق اور اخلاقی جدت طرازی کے شعبوں میں باہمی تعاون پر گفتگو کی۔ وزیر اعظم نے مصنوعی ذہانت کے میدان میں ایک ابھرتے ہوئے اختراعی ملک کے طور پر فن لینڈ کی کوششوں کو سراہا۔

جناب مودی نے AI امپیکٹ سمٹ کے موقع پر سربیا اور استونیا کے صدور اور کروشیا کے وزیر اعظم سے بھی ملاقاتیں کیں۔ وزیراعظم نے بھوٹان اور قزاخستان کے اپنے ہم منصبوں کے ساتھ میٹنگ کی اور اسٹریٹجک شراکت داری کو مضبوط بنانے اور تجارت، دفاع و سلامتی، توانائی، ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز اور عوامی روابط سمیت تمام شعبوں میں دو طرفہ تعاون کو وسعت دینے کے طور طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔

رہنماؤں نے جامع اور انسان پر مرکوز ترقی کیلئے مصنوعی ذہانت کے مؤثر استعمال کی حمایت کا اعادہ کیا اور AI اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے شعبے میں تعاون کو مزید مستحکم کرنے پر اتفاق کیا۔ آج صبح وزیر اعظم مودی نے گوگل کے CEO سندر پچائی سے بھی ملاقات کی۔ x

**PM Welcome Leaders**

بھارت اے آئی امپیکٹ سمٹ 2026 کے کل افتتاح سے قبل، وزیر اعظم نریندر مودی نے آج شام بھارت منڈپم میں اس سمٹ میں شریک عالمی رہنماؤں کا خیر مقدم کیا۔ جناب مودی نے اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیوں گتریس اور آئی ایف کے مینجنگ ڈائریکٹر Kristalina Georgieva کا استقبال کیا۔ مقامِ تقریب پر مہمانوں کا استقبال بھارتی موسیقی اور رقص کے دلکش پروگرام سے کیا گیا۔ وزیر اعظم مودی نے عالمی رہنماؤں کے اعزاز میں عشائیہ بھی دیا۔ اس سے قبل دن کے دوران وزیر اعظم مودی نے سمٹ میں شریک متعدد عالمی رہنماؤں سے ملاقاتیں بھی کیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کل بھارت منڈپم میں بھارت اے آئی امپیکٹ سمٹ 2026 کا باقاعدہ افتتاح کریں گے۔ اس تقریب سے فرانس کے صدر، اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل اور دنیا بھر سے آئے ہوئے مختلف ممتاز صنعتی رہنما بھی خطاب کریں گے۔x

**Viceera Bhashini**

الیکٹرانکس و انفارمیشن ٹیکنالوجی کی وزارت نے نئی دلّی میں منعقدہ انڈیا AI امپیکٹ سمٹ 2026 کے دوران VoicERA نامی اوپن سورس، شروع سے آخر تک وائس AI اسٹیک کا آغاز کیا۔

قومی زبان کے بنیادی ڈھانچے بھاشنی پر کام کرنے والا VoicERA کثیر لسانی آواز اور لینگویج AI کیلئے قومی سطح پر نفاذ کا Layer قائم کرتا ہے۔x

**Estona Prez - AI Summit**

اسٹونیا کے صدر Alar Karis نے آج کہا کہ تعلیم، مصنوعی ذہانت AI کے ذمہ داری سے کام کرنے کیلئے ناگزیر

ہے۔
انہوں نے یہ بات انڈیا AI امپیکٹ سمٹ کے دوران، ''AI اور تعلیم : جدت طرازی سے اثر تک'' پر ہوئے ایک سیشن سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔
جناب Karis نے مزید کہا کہ ڈیٹا اور ٹیکنالوجی سے متعلق خواندگی، جمہوریت کی بنیاد ہیں۔
انہوں نے کہا کہ اسٹونیا اِس بات کو یقینی بنانے کیلئے کام کررہا ہے کہ اُس کے ساتھ عوام کی اکثریت کی بنیادی AI سوفٹ ویئر تک رسائی ہو۔ مذکورہ سیشن میں اِس بات پر توجہ مرکوز کی گئی تھی کہ ملک کس طرح عوامی تعلیم کے شعبے میں ابتدائی مرحلے سے آگے بڑھ کر بڑے پیمانے پر مصنوعی ذہانت کا استعمال کرسکتے ہیں۔×

## Google - India America Connect

نئی دلّی میں منعقدہ انڈیا AI امپیکٹ چوٹی کانفرنس میں گوگل نے اعلان کیا ہے کہ وہ 5 سال میں 15 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کے تحت، سمندر کے اندر نئے کیبلز کے ذریعے بھارت کو امریکہ سے جوڑے گا۔ ایک بیان میں کمپنی نے بتایا کہ اپنے اشتراکی بنیادی ڈھانچے کے منصوبے ''امریکہ-انڈیا کنیکٹ'' کے تحت، وشاکھاپٹنم میں سمندر کے اندر ایک نیا بین الاقوامی گیٹ وے قائم کیا جائے گا۔
کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے گوگل کے CEO سُندر پچائی نے کہا کہ یہ اقدام بھارت، امریکہ اور جنوبی نصف کرۂ ارض کے مختلف مقامات کے درمیان، مصنوعی ذہانت کی رابطہ کاری کو بڑھانے کیلئے سمندر کے اندر نئی کیبل روٹس فراہم کرے گا۔×

## Rev Vishnaw Record

انڈیا AI اور Intel انڈیا نے 24 گھنٹے میں AI ذمہ داری مہم کے تحت سب سے زیادہ عہد حاصل کرنے کے زمرے میں نیا عالمی ریکارڈ قائم کیا ہے۔ اس مہم کے تحت ڈھائی لاکھ سے زیادہ طلبہ نے عہد لیا۔ الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ ملک کو ذمہ دار AI کے تصور کی قیادت کرنی چاہیے۔ جناب ویشنو نے سمٹ کے تیسرے دن صنعتی قائدین، عالمی ماہرینِ تعلیم، پالیسی سازوں اور ٹیکنالوجی ماہرین کی اسٹریٹجک میٹنگ کی صدارت کی۔
پیش ہے انڈیا AI امپیکٹ سمٹ کے تیسرے دن سے متعلق ہمارے نامہ نگار کی تفصیلی رپورٹ............

**VC Rohan**

*انڈیا اے آئی امپیکٹ سمٹ کے تیسرے دن کا آغاز ریسرچ سمپوزیم کی افتتاحی تقریب سے ہوا۔*
*اس موقع پر الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے زور دے کر کہا کہ بھارت، حقیقی دنیا کے مسائل کے حل کے لیے AI پر مضبوطی سے توجہ مرکوز کیے ہوئے ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک اداروں میں پیداواری صلاحیت بڑھانے نیز صحت، زراعت اور آب و ہوا کی تبدیلی جیسے بڑے چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے AI کے استعمال کو ترجیح دے رہا ہے۔*
*بعد میں جناب ویشنو نے اعلان کیا کہ بھارت نے AI سمٹ میں 24 گھنٹے کے اندر 2 لاکھ*

50 ہزار سے زیادہ AI ذمہ داری کے عہد کو حاصل کر کے گنیز ورلڈ ریکارڈ قائم کیا ہے۔
گنیز ورلڈ ریکارڈ کے جج پروین ٹیپل نے کہا کہ ریکارڈ ساز شرکت نے ابتدائی نشانے سے کہیں زیادہ یعنی 5 ہزار سے زیادہ کی تعداد کو پار کیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ کامیابی ذمہ دار AI کے فروغ کے حوالے سے عوامی دلچسپی اور بڑھتی ہوئی آگاہی کی عکاسی کرتی ہے۔
ادھر حکومت نے نمائش کاروں، اختراع کاروں اور یہاں آنے والے افراد کے زبردست جوش و خروش کو دیکھتے ہوئے انڈیا AI امپیکٹ ایکسپو کی مدت میں ایک دن کی توسیع کرتے ہوئے اسے اس ماہ کی 21 تاریخ تک بڑھا دیا ہے۔
روہن اور شیوانگ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں ..................

**Prez IFR Review**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج وشاکھاپٹنم کے ساحل کے قریب منعقدہ بین الاقوامی بیڑے کے جائزے IFR 2026 کا معائنہ کیا۔ اِس میں بھارت کی بڑھتی ہوئی سمندری صلاحیت اور عالمی سطح پر بحری تعاون کے عزم کو اجاگر کیا گیا۔ صدارتی Yachat آئی این ایس Sumedha پر سوار ہو کر، محترمہ مرمو نے، جو کہ مسلح افواج کی سپریم کمانڈر بھی ہیں، ساحل کے قریب لنگر انداز 71 بھارتی اور غیر ملکی بحری جہازوں کا معائنہ کیا۔ اِس موقع پر اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے مستحکم بحری نظام کو یقینی بنانے کے لیے ملکوں کے درمیان اتحاد، اعتماد اور اجتماعی ذمہ داری کی اہمیت پر زور دیا۔x

**Macron Nadda AIIMS**

فرانس کے صدر ایمانوئل میخواں اور صحت اور خاندانی بہبود کے مرکزی وزیر جگت پرکاش نڈا نے آج نئی دلّی میں آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز میں گلوبل ہیلتھ میں AI سے متعلق بھارت-فرینچ کیمپس کا افتتاح کیا۔ یہ اقدام، عالمی صحت کے شعبے میں مصنوعی ذہانت کے ذریعے بھارت اور فرانس کے تعاون کو مضبوط بنانے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ اِس کا مقصد تحقیق، اختراع اور AI پر مبنی طبی حل میں صلاحیت سازی کو فروغ دینا، نیز تعلیمی معیار اور بین الاقوامی شراکت داری کو مستحکم کرنا ہے۔x

**Shivraj Rabi Crop**

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے آج ربیع فصلوں کی بوائی کی پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے نئی دلّی میں منعقدہ اعلیٰ سطح کی میٹنگ میں ربیع فصلوں کی بوائی اور اہم زرعی اجناس کی قیمتوں کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ میٹنگ کے دوران انہوں نے کہا کہ سبزیوں، دالوں، تلہن اجناس اور دیگر غذائی اشیاء کی قیمتوں پر کڑی نظر رکھی جا رہی ہے۔ جناب چوہان نے Krishonnati یوجنا اور راشٹریہ کرشی وکاس یوجنا کے تحت ریاستوں کو جاری فنڈز اور اس کے استعمال کا بھی جائزہ لیا۔x

**Shivraj Lakhpati Didis**

دیہی ترقیات کے وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے آج عہدیداروں کو دین دیال انتودیہ یوجنا – قومی دیہی روزگار مشن کے تحت 6 کروڑ لکھپتی دیدی بنانے کے ہدف کو حاصل کرنے کیلئے جنگی بنیادوں پر کام کرنے کی ہدایت دی۔ جناب چوہان نے یہ بات نئی دلّی میں دین دیال انتودیہ یوجنا – قومی دیہی روزگار مشن کی جائزہ میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ اس اہم ہدف کو حاصل کرنے کیلئے کم سے کم 10 کروڑ خواتین کو دیہی ترقیات کی وزارت کی مالی شمولیت کی اسکیموں سے جوڑنا ہوگا۔ انہوں نے حکام سے کہا کہ اِس سلسلے میں ریاستی حکومتوں کے تعاون سے ٹھوس اور مقررہ وقت کا ایکشن پلان تیار کیا جائے۔ x

**Ramzan Moon**

رمضان کا مقدس مہینہ، کل سے شروع ہو رہا ہے۔ ملک کے کئی علاقوں میں آج شام چاند نظر آیا۔ کل رمضان المبارک کا پہلا روزہ ہوگا۔ رمضان المبارک، اسلامی کیلنڈر کا نواں مہینہ ہے۔ اِس مقدس مہینے کے اختتام پر عیدالفطر منائی جاتی ہے۔x

**Harivansh Delegation**

ہنگری کی قومی اسمبلی کے نائب اسپیکر ڈاکٹر Lajos Olah کی قیادت میں ایک پارلیمانی وفد نے آج پارلیمنٹ میں راجیہ سبھا کے نائب چیئر پرسن ہری ونش سے ملاقات کی۔

اس ملاقات کے دوران، جناب ہری ونش نے اس بات پر زور دیا کہ پالیمانی سطح پر ہونے والی سرگرمیاں دو-طرفہ تعلقات کا ایک اہم ستون ہیں۔

انھوں نے مزید کہا کہ اس طرح کے تعلقات دونوں ملکوں کے قانون سازوں کے درمیاں بات-چیت، آپسی اتفاق اور سمجھ کو فروغ دے کر سرکاری سطح پر کی گئی سفارتکاری کو آگے بڑھاتے ہیں۔x

**EC RS Polls**

انتخابی کمیشن نے آج 10 ریاستوں میں راجیہ سبھا کی 37 سیٹوں کے لیے انتخابات کا اعلان کیا۔ انتخابات کا نوٹیفکیشن اس ماہ کی 26 تاریخ کو جاری کیا جائے گا اور کاغذاتِ نامزدگی 5 مارچ تک داخل کیے جا سکیں گے۔ پولنگ 16 مارچ کو ہوگی۔ مرکزی وزیر رام ناتھ ٹھاکر، راجیہ سبھا کے نائب چیئرمین ہری ونش اور NCP-SP کے رہنما شرد پوار اُن ارکان میں شامل ہیں جن کی مدتِ کار راجیہ سبھا میں مکمل ہو رہی ہے۔x

**Russia Ukraine Peace Talks**

یوکرین اور روس کے درمیان جنیوا میں ہونے والے امن مذاکرات آج صرف دو گھنٹے بعد اچانک ختم ہو گئے۔ یوکرین کے صدر وولودیمیر زیلنسکی نے کہا کہ بات چیت مشکل رہی۔ انہوں نے روس پر الزام لگایا کہ وہ چار سال سے جاری جنگ

کے خاتمے کے معاہدے کی جانب پیش رفت میں جان بوجھ کر تاخیر کر رہا ہے۔ روس کے اعلیٰ مذاکرات کار ولادیمیر میڈنسکی نے جنیوا میں صحافیوں کو بتایا کہ آئندہ مزید مذاکرات جلد ہوں گے، تاہم انھوں نے ابھی تاریخ کا اعلان نہیں کیا۔

## ICC T20 Cricket

مردوں کے ICC ٹی-ٹوئنٹی کرکٹ ورلڈ کپ میں احمدآباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں گروپ-A کے میچ میں دفاعی چیمپئن بھارت نے نیدرلینڈز کے سامنے جیت کیلئے 194 رن کا نشانہ رکھا ہے۔ بھارت نے ٹاس جیتا اور پہلے بلے بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ اُس نے مقررہ 20 اوورز میں 6 وکٹ پر 193 رن بنائے۔ بھارت کی جانب سے شیوَم دوبے نے 31 گیندوں پر 66 رنز بنائے۔ جواب میں، اب سے کچھ دیر پہلے تک نیدرلینڈز نے 3 اوورز میں بغیر کوئی وکٹ کھوئے 33 رن بنالیے تھے۔

اِس سے قبل، آج گروپ-A کے ایک اور میچ میں پاکستان نے کولمبو کے سنہالیز اسپورٹس کلب میں نمیبیا کو 102 رن سے شکست دی۔ اِس فتح کے ساتھ پاکستان نے سپر-8 مرحلے میں جگہ بنالی ہے۔

200 رنز کے ہدف کے تعاقب میں نمیبیا کی ٹیم 17.3 اوورز میں 97 رنز پر آؤٹ ہو گئی۔ پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے پاکستان نے مقررہ 20 اوورز میں 3 وکٹوں کے نقصان پر 199 رنز بنائے۔

جنوبی افریقہ نے نئی دلّی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں گروپ ڈی کے اپنے آخری میچ میں یو اے ای کو 6 وکٹوں سے شکست دی۔ جنوبی افریقہ نے 123 رنز کا ہدف 13.2 اوورز میں 4 وکٹوں کے نقصان پر باآسانی حاصل کر لیا اور سپر-8 مرحلے میں جگہ بنالی۔ UAE نے 20 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 122 رنز بنائے تھے۔ جنوبی افریقہ اب اتوار کو احمد آباد میں سپر ایٹ کے افتتاحی میچ میں بھارت کا سامنا کرے گا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆